# کینال ویو کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، ملتان روڈ، لاہور

## سالانہ اجلاس عام (AGM) کی کارروائی رپورٹ (Minutes)

## منعقدہ مورخہ 26-11-2023 بروز اتوار

جناب جہاں زیب صاحب اسسٹنٹ رجسٹرار نے Observer کے طور پر میٹنگ میں شرکت کی۔

**1۔ میٹنگ کا آغاز قرآن کریم کی تلاوت سے کیا گیا۔**

**میٹنگ کا آغاز 10:00 بجے سوسائٹی آفس سے ملحقہ حضرت عثمانِ غنی پارک میں ہوا تاہم کورم پورا نہ ہونے پر اجلاس ایک گھنٹہ کے لیے ملتوی ہو کر دوبارہ 11 بجے دن شروع ہوا۔**

**2۔ سابقہ AGM مورخہ 23-01-2022 کے منٹس کی منظوری (ایجنڈا پوائنٹ نمبر 16 کے ذیلی پوائنٹ نمبر III میں کمرشل پراپرٹی کے پانی کے چارجز سہواً 500 روپے فی مرلہ کی جگہ 700 روپے فی مرلہ درج ہونے کی اصلاح کے ساتھ جس کی منظوری MC نے بذریعہ قرارداد مورخہ 08-02-2022 دے رکھی ہے) نقول لف ہیں۔**

اس ایجنڈا پوائنٹ کو منظوری کیلئے جنرل سیکرٹری صاحب نے پیش کیا تو سابقہ AGM مورخہ 23-01-2022 کے ایجنڈا پوائنٹ نمبر 13 کمرشل مارکیٹ کی تجاوزات کے حوالہ سے عظمت کھوکھر، فیاض علی، وقاص احمد، کے آئے اعتراضات کی بناء پر ووٹنگ کرائی کی گئی جس میں ممبران کی اکثریت نے ہاتھ کھڑے کر کے AGM مورخہ 23-01-2022 کے منٹس کی منظوری کی تائید کی۔

**3۔ مالی سال 2016-17 کے آڈٹ میں آڈیٹر نے محکمانہ انکوائری کی سفارش کی تھی رجسٹرار کوآپریٹو پنجاب نے ڈپٹی رجسٹرار فیصل آباد جناب اشفاق شاہد کو اس کا انکوائری افسر مقرر کیا تھا جنھوں نے رپورٹ پر کوئی کام نہیں کیا یہ انکوائری اب مسٹر محمد محسن اسسٹنٹ رجسٹرار کے پاس رکی ہے اس لئے انتظامیہ اس رپورٹ کے بغیر ہی ان حسابات کی ممبران کی منظوری سے تجویز پیش کرتی ہے تاہم یہ منظوری انکوائری آفیسر کی سفارشات / ذمہ داری کے تعین پر قطعاً اثر انداز نہیں ہوگی۔**

اس ایجنڈا پوائنٹ کو منظوری کیلئے پیش کرنے پر سید آلِ سیدین شاہ صاحب سابقہ جنرل سیکرٹری و منصور عقیل خان صاحب سابقہ فنانس سیکرٹری نے رائے دی کہ اس ایجنڈا پوائنٹ کو غیر ضروری طوالت کا شکار انکوائری کے نتیجے سے مشروط نہ کیا جائے یا پھر اس ایجنڈا پوائنٹ کو سرے سے ڈیفر کر دیا جائے جس پر ہاتھ کھڑے کر کے حاضر ممبران کی رائے لی گئی جو ممبران کی اکثریت نے اس ایجنڈا پوائنٹ میں سوسائٹی انتظامیہ کے اختیار کئے گئے موقف کی منظوری دی۔

**4۔ سالانہ حسابات 2017-2018, 2018-19, 2019-20, 2020-21 کے آڈٹ شدہ حسابات کی منظوری کی تجویز۔**

اس ایجنڈا پوائنٹ پر سید آلِ سیدین شاہ صاحب سابقہ جنرل سیکرٹری کی طرف سے موقف اختیار کیا گیا کہ سال 2019 سے سال 2021 کے دوران تعینات اسسٹنٹ رجسٹرار / ایڈمنسٹریٹر نے جاوید قریشی ایڈووکیٹ کو ایک ملین کے قریب ناجائز ادائیگی کی ہے جس کے خلاف ان کی اپیل سیکرٹری کوآپریٹوز کے پاس زیرِ التواء ہے اور انہوں نے معاملہ سپریم کورٹ میں بھی رکھا ہوا ہے لہذا اس ایجنڈا پوائنٹ کی منظوری کو مسٹر جاوید قریشی ایڈووکیٹ کو کی گئی غیر قانونی ادائیگی کے معاملہ کی حد تک عدالتی فیصلہ سے مشروط کیا جائے جنرل سیکرٹری کی طرف سے اس پر موقف دیا گیا کہ چونکہ کوئی بھی عدالتی سٹے آرڈر اس بارے جاری نہیں کیا گیا ہے لہذا اس منظوری کو روکنے کی کوئی وجہ نہیں ہے نیز اس منظوری کے بعد بھی کسی غیر قانونی / مالیاتی بے ضابطگی کو ریگولرائز نہیں سمجھا جا سکتا چونکہ عدالتی حکم / اختیار بہر حال اس منظوری سے اوپر ہی سمجھا جائے گا۔ جس پر ہاتھ کھڑا کرا کے ممبران سے رائے لی گئی جو ممبران کی اکثریت نے اس ایجنڈا پوائنٹ کی غیر مشروط منظوری دی۔

**5۔ حسابات برائے مالی سال 2021-22 اور 2022-23 کا آڈٹ ابھی نہیں ہو سکا تاہم بغیر آڈٹ شدہ سالانہ حسابات برائے اطلاع ممبران کے پیش کئے جا رہے ہیں گزشتہ سالوں کے آڈٹ شدہ، غیر آڈٹ شدہ حسابات کی رپورٹس سوسائٹی آفس میں دستیاب ہیں اور ممبران ملاحظہ / حاصل کر سکتے ہیں۔**

اس ایجنڈا پوائنٹ کے حوالہ سے مرتب کردہ سالانہ حسابات پر ممبران نے اطمینان کا اظہار کیا۔

**6۔ اضافی شیئرز کی وصولی، واسا چارجز کی وصولی، وہیکل سٹیکرز کی وصولی، یوٹیلٹی بلز کی وصولی بارے وضاحتی رپورٹ۔**

اس ایجنڈا پوائنٹ کے حوالہ سے مرتب و پیش کردہ وضاحتی رپورٹ پر ممبران کی طرف سے اطمینان کا اظہار کیا گیا۔

CS CamScanner

2

7- اب تک بھرتی کیے گئے سٹاف کی منظوری۔

اس ایجنڈا پوائنٹ کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی۔

8- ترقیاتی کام اور سوسائٹی امور کی انجام دہی کیلئے خرید کردہ ایکوپمنٹ کی منظوری، ویڈیو مانیٹرنگ نظام کی خرید و تنصیب، گشت کیلئے اضافی موٹر سائیکل، وائرلیس واکی ٹاکی، گیٹ بیریئرز اور بریکرز کی تنصیب، فیملی پارک ڈی بلاک کی بحالی و تزئین، اسلامی مرکز کا قیام اور پیشہ وارانہ/تعلیمی/مذہبی کلاسز کا اجراء سٹاف کیلئے رہائشی کھانے کا انتظام/میس کا اجراء 2 عدد اضافی ٹرانسفارمرز کی خرید، RO پلانٹ و فلٹریشن پلانٹس کی بحالی اور ہوم ڈیلیوری برائے پانی کا اجراء، اے بلاک اور سی بلاک ٹیوب ویل موٹرز کے سیفٹی پینل اور پاور فیکٹر کی تنصیب، پانی نیٹ ورک کنٹرول کیلئے سی بلاک میں والوو کی تنصیب۔

اس ایجنڈا پوائنٹ کو کثرت رائے سے منظور کیا گیا۔

9- ترقیاتی کام برائے سال 2023-24:-

i- بجلی کے نظام کی بہتری کیلئے ٹرانسفارمرز کی اپ گریڈیشن اور نئے ٹرانسفارمرز کی خرید۔ (20 لاکھ روپے)

ii- ٹیوب ویلز کیلئے فلو کنٹرول، خودکار سولر سسٹم کی تنصیب تاکہ بجلی کی بچت ہو سکے۔ (5 لاکھ روپے)

iii- سوسائٹی قبرستان میں جگہ کی کمی کے پیشِ نظر ڈی بلاک میں قبرستان کیلئے مختص جگہ (اتوار بازار) کو مارکنگ سے پلان اور چاردیواری سے محفوظ بنا کر قبرستان کا مرحلہ وار آغاز کرنے کی تجویز۔ (10 لاکھ روپے)

iv- مزید 32 کیمرے و ایک NVR سسٹم خریدنے کی تجویز (20 لاکھ روپے)

اس ایجنڈا پوائنٹ پر بحث کے دوران ٹرانسفارمرز کی اپ گریڈیشن کیلئے مختص کی گئی 2 ملین رقم پر بات کرتے ہوئے رانا فقیر حسین صاحب سابقہ صدر نے لیسکو کے خلاف نیپرا سے اپنی کاوشوں سے حاصل کی گئی ڈائریکشن کہ سوسائٹی کے بجلی سپلائی کے نظام کی مینٹیننس لیسکو کی ذمہ داری ہے پر عمل درآمد کے حوالہ سے عدالتِ عالیہ میں زیرالتوا اپنی زیرِ سماعت اپیل کی موثر پیروی کیے جانے کا اظہار کیا جس پر جنرل سیکرٹری صاحب نے وضاحت فرما دی کہ اس حوالہ سے آپ کی جو بھی تجویز ہو اس کو انتظامیہ سے شیئر کر دیں جس کو کھلے دل سے زیرِ غور لایا جائے گا جس کے بعد اس ایجنڈا پوائنٹ کی کثرت رائے سے منظوری دے دی گئی۔

10- بغیر آڈٹ شدہ حسابات برائے 2022-23 کی بنیاد پر بجٹ برائے مالی سال 2023-24 کی منظوری کی تجویز۔

اس ایجنڈا پوائنٹ کی کثرتِ رائے سے منظوری دی گئی

11- موبائل ٹاور کیلئے China Mobile (زونگ) سے معاہدہ کی تجدید، کمپنی نے آخری سال کے کرایہ میں 10% اضافہ کی بجائے 10% کمی کی ڈیمانڈ کی ہے کیونکہ موبائل ٹاور پر فون کالز کی شرح منافع کم ہوتی جا رہی ہے عوام میں واٹس ایپ پر کال کا رجحان بڑھ رہا ہے ویسے بھی یہ کمپنی دوسری کمپنیز کے مقابلے میں زیادہ سالانہ کرایہ ادا کر رہی تھی انتظامیہ نے مذاکرات کے ذریعہ آئندہ سال 2023-24 کیلئے 10% اضافہ نہ کرنے پر آمادگی ظاہر کر دی ہے ورنہ کمپنی یہ ٹاور اتارنے پر آمادہ تھی اگلے برس حالات کے مطابق سالانہ کرایہ میں اضافہ طے کیا جائے گا۔ بقایا کمپنیز (آپریٹرز) سے حسب معمول معاہدہ کی معیاد ختم ہونے پر تجدید کی جا رہی ہے تاہم گزشتہ برس یوفون نے اپنا ٹاور اتار لیا تھا اور PTCL ٹاورز کا پاکستان بھر میں استعمال شروع کر دیا تھا جس کیلئے UFONE ٹاور کے کرایہ میں 5% عمومی کے علاوہ مزید 4.77% اضافہ کر دیا گیا تھا۔

اس ایجنڈا پوائنٹ پر جنرل سیکرٹری کی طرف سے دی گئی وضاحت پر ممبران کی اکثریت نے اطمینان کا اظہار کیا۔

12- بجٹ تجاویز برائے انتظامی اخراجات:-

یوٹیلٹی بلز: سال 2021-22 میں رہائشی و کمرشل بلز میں اضافہ کیا گیا تھا جو کہ یکم جولائی 2021 سے نافذ العمل تھا۔ سال 2022-23 میں بجلی/پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کی وجہ سے ان میں مزید 20% اضافہ کیا گیا ان مدات کے اخراجات میں مزید اضافہ ہونے و سٹاف کی تنخواہ میں یکم جولائی 2023 سے اضافہ کی وجہ سے یوٹیلٹی بلز (صرف واٹر چارجز) میں یکم اگست 2023 سے کیے گئے 12% عبوری اضافہ کی منظوری اس میں مزید اضافہ کی بجائے سکیورٹی پلان

CamScanner

(3)

کے تحت گیٹ مینجمنٹ کے اخراجات کیلئے سکیورٹی مینجمنٹ چارج ماہانہ بلز میں عائد کیا گیا ہے۔

اس ایجنڈا کو ایجنڈا پوائنٹ نمبر (i)12 کے تحت سکیورٹی مینجمنٹ چارج میں تبدیلی کے ساتھ کثرت رائے سے منظور کیا گیا۔

**12(i) گیٹ نمبر 3,2,1 پر بیریئرز کی تنصیب اور گیٹ مینجمنٹ کا اجراء اس مقصد کیلئے مزید سکیورٹی گارڈز و ان کی تنخواہوں و رعایتی کھانا فراہم کرنے پر اٹھنے والے ماہانہ اخراجات قریباً 650,000 روپے اور انہیں پورا کرنے کیلئے تمام کمرشل شاپس و 10 مرلہ تک گھروں پر 500 روپے اور 10 مرلہ سے زائد گھروں پر 900 روپے ماہوار سکیورٹی مینجمنٹ چارج کی 01-11-2023 سے نفاذ کی منظوری۔**

ہاؤس نے سکیورٹی مینجمنٹ چارجز جو کہ 10 مرلہ تک گھروں پر 500 روپے اور 10 مرلہ سے زائد گھروں پر 900 روپے ماہوار وصولی کی تجویز کی بجائے فی مرلہ 30 روپے رقبہ کے لحاظ سے ماہوار سکیورٹی مینجمنٹ چارجز کی وصولی کی منظوری دی اس موقع پر جنرل سیکرٹری نے وضاحت کی کہ نومبر کے بل جس شرح سے بھجوائے گئے ہیں وہ برقرار رہے گی تاہم دسمبر کے بل 30 روپے فی مرلہ کے حساب سے بھجوائے جائیں گے جس کی ممبران کی اکثریت نے منظوری دی۔

**12(ii) سکیورٹی سٹاف کی پہلے سے منظور شدہ تعداد 46 کو 50 تک کرنے کی منظوری۔**

اس ایجنڈا پوائنٹ کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی۔

**12(iii) سٹاف کی تنخواہوں میں یکم جولائی 2023 سے مجموعی طور پر 10% تک اضافہ کی منظوری۔**

اس ایجنڈا پوائنٹ کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی۔

**13۔ ٹرانسفر فیس برائے ممبران نافذ العمل مورخہ 01-08-2023 جو کہ رہائشی پراپرٹی پر 15,000 روپے سے بڑھا کر 25,000 اور کمرشل پراپرٹی پر 60,000 روپے سے بڑھا کر 100,000 روپے فی مرلہ کی گئی ہے کی منظوری (جبکہ ٹرانسفر سے متعلقہ دیگر فیسیں برقرار رکھی گئی ہیں)**

اس ایجنڈا پوائنٹ کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی۔

**14۔ کمرشل گاڑیوں پر 01-08-2023 سے نافذ انٹری فیس جو کہ لوڈر رکشہ / وین پر 40 روپے سے 70 روپے، 6 وہیلر / ہیکلو پر 100 روپے سے 150 روپے اور 6 وہیلر سے زیادہ پر 200 روپے سے 300 روپے اور 01-11-2023 سے ان کی انٹری فیس بالترتیب 100 روپے، 220 روپے اور 450 روپے فی چکر کیے جانے کی منظوری (رکشہ / سکول وین کی سابقہ انٹری فیس 20 روپے برقرار رکھی گئی ہے۔)**

اس ایجنڈا پوائنٹ کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی۔

**15۔ جامع مسجد ڈی بلاک اسلامک سنٹر (سابقہ مدرسہ اسلامیہ) کا انتظام مورخہ 02-09-2022 سے سابقہ مہتمم قاری عبدالقادر احسن صاحب کا از خود علیحدہ ہو جانے کی وجہ سے مینجنگ کمیٹی کی طرف سے بحوالہ نوٹیفکیشن نمبری A-2627 مورخہ 29-08-2022 تشکیل کردہ کمیٹی کی نگرانی میں مسجد کے نمازیوں پر مشتمل 6 رکنی کمیٹی نے سنبھالا بعدہٗ مدرسہ اسلامیہ کو نیا نام اسلامک سنٹر دیتے ہوئے اس کے انتظامات کیلئے بحوالہ نوٹیفکیشن نمبری 2902 مورخہ 24-11-2022 ضیاء محمود منہاس کی سربراہی میں الگ 4 رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی جس کی مدت برائے ایک سال بحوالہ نوٹیفکیشن نمبری 6070 مورخہ 21-12-2022 مقرر کی گئی اسلامک سنٹر میں شروع کیے گئے فلاحی کاموں کے پیش نظر مشاورت کو وسعت دینے کیلئے دو مزید ارکان محمد داؤد خان فنانس سیکرٹری اور محترمہ عاصمہ انور میاں کو بحوالہ نوٹیفکیشن نمبری 31350 مورخہ 11-09-2023 ممبر کمیٹی بنایا گیا بعدہٗ اس سارے معاملہ میں بہتری لانے کیلئے ڈی بلاک مسجد کے 60 کے قریب نمازیوں کی مشاورت اور MC کی قرارداد مورخہ 25-09-2023 کے پیش نظر متذکرہ بالا کمیٹیوں کی بذریعہ نوٹیفکیشن نمبری 31420 مورخہ 05-10-2023 تشکیل نو کی گئی جو الحمدللہ بہ احسن فرائض سرانجام دے رہی ہیں جن کی بہترین کاوشوں سے اس وقت مرد حضرات کیلئے کمپیوٹر و کارپینٹنگ اور خواتین کیلئے سلائی کڑھائی کی کلاسیں مخیّر خواتین و حضرات کے مالی تعاون سے جاری ہیں، اس کے علاوہ قرآن و حدیث، اسلامی معاشرتی اصلاحی موضوعات پر مرد و خواتین کی علیحدہ علیحدہ کلاسز بھی شروع کی گئی ہیں مندرجہ بالا اقدامات و انتظامات کی منظوری۔**

اس ایجنڈا پوائنٹ کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی جو کہ MC کے ریزولوشن مورخہ 25-09-2023 کے تحت کیے گئے ہیں اس کے تحت سپروائزری کمیٹی تشکیل دی گئی جو 9 ممبران پر مشتمل ہے جس کے کنوینر چوہدری محمد سرور صاحب ہیں یہ کمیٹی دو ذیلی کمیٹیوں (i) مسجد کمیٹی جس کے صدر میاں سجاد امیر صاحب اور (ii) اسلامک سنٹر کمیٹی جس کے کنوینر ضیاء محمود منہاس صاحب ہیں کو سپروائز کرے گی۔

CamScanner

16- باقرلین کے رہائشی 3 مالکان کی درخواست برائے ممبرشپ (نان ووٹنگ) کی منظوری اس کیلئے ڈویلپمنٹ چارجز 75,000 روپے فی مرلہ اور یوٹیلیٹی بلز ماہانہ وصول کئے جائیں گے۔

اس ایجنڈا پوائنٹ کو کثرت رائے سے منظور کیا گیا۔

17- جن ممبران نے کنسٹرکشن بائی لاز کی خلاف ورزی کرتے ہوئے تیسرا فلور بنایا ہے انہیں سوسائٹی نے 5 لاکھ روپے جرمانہ اور ممبرشپ معطلی کے نوٹس دیئے ہیں ان ممبران کی ممبرشپ معطلی کی منظوری تاکہ یہ خلاف ورزی مکمل طور پر ختم کی جائے اور عائد کردہ جرمانہ کی ادائیگی / یا واپسی ہو جائے۔

اس ایجنڈا پوائنٹ کو کثرت رائے سے منظور کیا گیا۔

18- جن ممبران کے گھروں کے ساتھ فالتو زمین ہے اور وہ ان کے زیرِ قبضہ اور زیرِ تصرف ہے ان سے اس کا معاوضہ مجوزہ ریٹ کے مطابق 2 سال کی اقساط میں لیا جائے اور جنوری 2024 سے ان کے ماہانہ بلز بھی زیرِ قبضہ رقبہ کے ساتھ وصول کئے جائیں۔

اس ایجنڈا پوائنٹ کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی۔

19- سوسائٹی کے ملکیتی رقبہ جن پر کسی قسم کی قانونی کارروائی عدالتوں میں چل رہی ہے اس بارے میں ممبران کو آگاہی رپورٹ۔

جنرل سیکرٹری صاحب نے اس ایجنڈا پوائنٹ کے حوالہ سے موجودہ انتظامیہ کی طرف سے کی گئی کاوشوں و حاصل کردہ نتائج سے ممبران کو بریف کیا جس پر ممبران نے اطمینان کا اظہار کیا۔

20- مندرجہ بالا ایجنڈا پوائنٹس پر کارروائی مکمل ہونے کے بعد جنابِ صدر نے اے جی ایم کے باقاعدہ اختتام کا اعلان کیا تاہم اس سے پہلے ملک عظمت کھوکھر نے ایجنڈا پوائنٹ نمبر 2 پر کی گئی ووٹنگ پر دو گھنٹے بعد اعتراض اٹھایا اور ری ووٹنگ کا مطالبہ کیا جسے انتظامیہ اور اسسٹنٹ رجسٹرار ہاؤسنگ (Observer) دونوں نے مسترد کر دیا۔

نور العظیم
(جنرل سیکرٹری)
کینال ویو کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، لاہور

کیپٹن ریٹائرڈ محمد اکرام
(صدر)
کینال ویو کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، لاہور